آگاہی بابت بھرتی طریقہ کار

(برائے پیادگان، چوکیدار، نائب قاصد)

سکرینِنگ ٹیسٹ کے طریقہ کار اور تحریری امتحان میں کامیابی کے نمبروں کی وضاحت درج ذیل ہے۔

1۔ سکرینِنگ ٹیسٹ اس صورت میں ہوتا ہے جہاں کسی مشتہر شدہ آسامی کے برخلاف چار یا چار سے زیادہ امیدواران ہوں اس ٹیسٹ میں کامیاب ہونے کے لئے قانون میں کوئی مخصوص نمبر مقرر نہیں کئے گئے بلکہ آسامیوں کی تعداد اور امیدواران کے نتائج کو مدِ نظر رکھتے ہوئے محکمانہ سلیکشن کمیٹی کا یہ اختیار ہے کہ وہ چھانٹی / شارٹ لسٹنگ کیلئے کوئی بھی پیمانہ مقرر کرے۔

2۔ یہ وضاحت بھی ضروری ہے کہ سکرینِنگ ٹیسٹ میں حاصل کردہ نمبرات کی اگلے مراحل میں اور حتمی رزلٹ مرتب کرتے وقت کوئی اہمیت نہیں ہوتی اور محض شارٹ لسٹنگ / چھانٹی کی حد تک محدود ہیں۔ اصل نمبروں کی تفصیل جس کی بنیاد پر ختمی میرٹ بنتا ہے درج ذیل ہیں۔

3۔ جہاں مطلوبہ تعلیمی قابلیت میٹرک ہے، وہاں پر بنیادی تعلیمی قابلیت کے 30 نمبر ہیں

میٹرک 1st DIVISION ہوگی تو 30 نمبر،

میٹرک 2nd DIVISION ہوگی تو 20 نمبر,

میٹرک 3rd DIVISION ہوگی تو 10 نمبر ہیں۔

4۔ اعلیٰ تعلیم میٹرک سے زیادہ ہونے کی صورت میں Grade یا Division کی تمیز کے بغیر انٹرمیڈیٹ کے (05)، گریجویشن کے (07)، اور ماسٹر ڈگری ہونے کی صورت میں (10) نمبر دیے جاتے ہیں۔ یوں تعلیمی قابلیت کی بنیاد پر ایک امیدوار زیادہ سے زیادہ (40) نمبر حاصل کر سکتا ہے۔

5۔ تجربہ کے کل (10) نمبر ہوتے ہیں۔ جو کہ متعلقہ شعبہ کا ہونا ضروری ہے۔

سرکاری ادارہ یا نیم سرکاری یا معروف پرائیویٹ ادارے کا تجربہ شمار کیا جاتا ہے۔ نیز ایک سال کے تجربہ پر (04)، دو سال پر (07)، اور تین یا تین سے زیادہ سال کا تجربہ رکھنے کی صورت میں (10) نمبر دیئے جاتے ہیں۔

6۔ بقایا (50) نمبر میں سے (25) تحریری امتحان اور (25) نمبر انٹرویو کے ہوتے ہیں۔

7۔ ہر امیدوار کو کامیاب ہونے کے لئے کم از کم (12) نمبر تحریری امتحان اور اسی طرح (12) نمبر انٹرویو میں لینا ضروری ہیں۔

مندرجہ بالا طریقہ کار اور نمبرات کی تقسیم ضلعی عدلیہ سے متعلق پشاور ہائی کورٹ پشاور کی جانب سے وضع کردہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2003 سے ماخوذ ہے جو کہ جوڈیشل ایسٹا کوڈ نامی کتاب کے صفحات نمبر 485 تا 489 میں درج ہے۔

8۔ سکریننگ ٹیسٹ MCQ's پر مشتمل ہوتا ہے جس میں جنرل نالج، حالات حاضرہ، ملکی وبین الاقوامی حالات، سپورٹس، ادب اور آسامی سے متعلقہ شعبہ بابت مختلف الانواع سوالات پوچھے جاتے ہیں، جواب کے لئے Options ہوتے ہیں جبکہ Negative Marking نہیں ہوتی۔

9۔ 25 نمبر کے تحریری امتحان میں اردو اور انگریزی میں مہارت، Communication Skills اور متعلقہ شعبہ سے متعلق سوالات پوچھے جاتے ہیں۔ جن کے جوابات کے ذریعے امیدواران کی مہارت، استعداد، اور متعلقہ موضوع پر عبور کا تعین کیا جاتا ہے۔

10۔ انٹرویو میں امیدوار کی عمومی شخصیت، بول چال، خود اعتمادی، پیشہ ورانہ قابلیت وغیرہ کو جانچا جاتا ہے تاہم محض انٹرویو میں کامیابی امیدوار کی تعیناتی کی ضامن نہیں ہوتی بلکہ تعلیمی قابلیت، تجربہ اور تحریری امتحان کے حاصل کردہ نمبرات اور انٹرویو کے نمبرات کو مدِنظر رکھ کر میرٹ ترتیب دیا جاتا ہے۔

11۔ Chowkidar اور Naib Qasid کی پوسٹ کے لیے تعلیمی قابلیت کے کوئی نمبر نہیں ہیں البتہ Short list کرنے کے لئے اور خواندگی یعنی پڑھنے لکھنے کی صلاحیت جانچنے کے لیے Selection Committee کوئی بھی طریقہ کار وضع کرسکتی ہے جس کے بعد صرف انٹرویو کی بنیاد پر سلیکشن کی جائیگی۔

بحکمِ سنئیر سول جج (ایڈمن)،
مانسہرہ